1989ء سے مسلسل اشاعت | 18 فروری تا 24 فروری 2022 | شمارہ نمبر 8 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

**ISO 900: 2015**
**International Business Management**
**CERTIFIED**

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010 | Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

**111-IBM-PAK**
**Please Contact For Booking**

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET




## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™ ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT
Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹ عبدالغفور، ٹارگیٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ آفس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک ٹمبر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# جولائی۔نومبر 2021 کے دوران تین لاکھ 26 ہزار ٹن کاغذ و بورڈ کی پیداوار

## نومبر میں 67 ہزار ٹن کی پیداوار ہوئی، گذشتہ سال کے مقابلے میں ساڑھے 8 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک میں پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں جاری مالی سال کے دوران عمومی اضافہ کا رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں ملک میں پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 8.45 فیصد اور نومبر میں ماہانہ بنیادوں پر 4.95 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے لیکر نومبر 2021 تک کی مدت میں ملک میں 326,368 ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 8.45 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 300,925 ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔ نومبر 2021 میں ملک میں 67,931 ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی جو نومبر 2020 کے مقابلہ میں 4.95 فیصد زیادہ ہے، نومبر 2020 میں ملک میں 64,729 ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔ واضح رہے کہ جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 3.26 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔

# اپیما کی سینٹرل کمیٹی کا 20 واں اجلاس لاہور میں ہوگا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹ ایسوی ایشن کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی برائے سال 19۔2018، کا بیسواں اجلاس 19 فروری 2022 بروز ہفتہ کو 3:00 بجے زونل دفتر ایسوی ایشن لاہور میں منعقد ہوگا۔ چیئرمین اپیما ملک احد امین صدارت کریں گے۔ اجلاس میں کسٹم اینڈ ویلیو ایشن اسٹینڈنگ کمیٹی کی کسٹم امور برائے آرٹ کارڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے سلسلے میں کسٹم میں چلنے والے مقدمات سے متعلق رپورٹ پیش کی جائے گی۔ گذشتہ اجلاس میں ممبران کی جانب سے رقوم کی ادائیگی کے وعدوں پر ان کی وصولی کے بارے میں رپورٹ اور فنڈ ز جمع کرنے پر غور ہوگا۔ 21۔2020 اور 22۔2021 کی تجدید رکنیت کے سلسلے میں ناردرن زون کی جانب سے 35 فیصد سینٹرل کو ادائیگی کرنے پر غور ہوگا۔

# ملک کے پہلے ڈیجیٹل پیمنٹ سسٹم "راست" کا اجراء

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر اعظم عمران خان نے اسٹیٹ بینک کی طرف سے ملک کے پہلے ڈیجیٹل پیمنٹ سسٹم "راست" کا اجراء کردیا۔ راست پروگرام اسٹیٹ بنک آف پاکستان کی طرف سے شہریوں، کاروبار اور حکومتی اداروں کے مابین رقوم کی ترسیل وادائیگی کیلئے بنایا گیا ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے۔ راست کے تحت کم مالیت کی ریٹیل ادائیگیاں اور رقوم کی منتقلی ڈیجیٹل طریقے سے تیز اور سہل ہوں گی۔ یہ مختلف مالیاتی اداروں کو وقت کی بچت کے ساتھ کم لاگت سے مرکزی سسٹم تک رسائی و رابط قائم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔ گزشتہ سال راست کے کاروبار و سرمایہ کاری کی سطح پر اجراء اور کامیابی کے بعد اس کا عام آدمی کی سہولت کیلئے شہریوں کی سطح پر اجراء کیا جارہا ہے۔ راست کے اجراء سے عام آدمی کی بنکنگ چینلز اور الیکٹرانک ٹرانزیکشنز تک رسائی فوری اور آسان ہوگی۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون کے ایک وفد نے 16 فروری 2022 کو نومنتخب ریجنل چیئرمین فیڈریشن آف پاکستان، چیمبر ز آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد ندیم قریشی سے ملاقات کی اور انہیں مبارک باد دی، اس موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو میں خواجہ محمد الیاس، ہمایوں بابر، سابق صدر زاہد مقصود بٹ، چیئرمین اپیما ملک احد امین، صدر ناردرن زون حسن رضا، خامس سعید بٹ، سابق سینئر وائس چیئرمین باؤ محمد بشیر و دیگر نمایاں ہیں



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ریٹیل آؤٹ لیٹس سے حاصل تصدیق شدہ رسیدوں پر دوسری قرعہ اندازی

## 5 کروڑ 30 لاکھ کے انعامات جیتنے والے ایک ہزار 7 خوش نصیبوں کا اعلان کر دیا گیا، رسیدوں کی تعداد میں 3 گنا اضافہ ہو چکا ہے

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے پوائنٹ آف سیلز کے تحت دوسری کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی میں 5 کروڑ 30 لاکھ روپے کے انعامات جیتنے والے ایک ہزار 7 خوش نصیبوں کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔انعامی رقوم خودکار نظام کے ذریعے ان کے اکاؤنٹس میں منتقل ہوں گی۔10 لاکھ روپے کا پہلا انعام اسلم نے جیتا، 5 لاکھ روپے کے دو انعامات اسد نعیم اور عاصم علی نے جیتے۔ انھیں ایس ایم ایس کے ذریعے آگاہ کر دیا گیا ہے۔انعامات جیتنے والے فائلر کو ملنے والی رقم پر 20 فیصد جبکہ نان فائلرز کو ملنے والی رقم پر 40 فیصد ٹیکس کٹوتی ہوگی۔اس موقع پر وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا انکم ٹیکس اور کنزمپشن ٹیکس ہونا چاہیے، ودہولڈنگ ٹیکس اور دیگر اضافی ٹیکسوں کے حق میں نہیں ہوں، یہ ختم ہونا چاہئیں۔22 کروڑ آبادی میں سے 20 لاکھ افراد ٹیکس دیتے ہیں، انکم ٹیکس نہ دینے والوں کے متعلق اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس کنزمپشن پر لیا جانا چاہیے، ریٹیلرز عوام سے ٹیکس لیتے ہیں مگر جمع نہیں کراتے، یہ 20 کھرب روپے سے زائد ہے، جس میں سے ہم صرف 4 کھرب روپے حاصل کرتے ہیں، جب تک پکی رسید نہیں لیں گے، وہ ٹیکس قومی خزانے میں نہیں آئے گا۔وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ ٹیکس بلحاظ جی ڈی پی کی شرح 20 فیصد تک لے جانی ہوگی تب شرح نمو کو 7 سے 8 فیصد تک لے جایا جا سکتا ہے۔دریں اثنا فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے پوائنٹ آف سیل سسٹم کے ساتھ مربوط بڑے ریٹیل آؤٹ لیٹس پر خریداری کرنے والے صارفین کی جانب سے تصدیق شدہ رسیدوں کی تعداد جنوری کے مقابلے میں 3 گنا بڑھ کر 15 لاکھ 3 ہزار ہوگئی ہے جو ایک ماہ قبل 45 ہزار تھی۔رپورٹ کے مطابق ایف بی آر کی جانب سے جاری ایک پریس ریلیز میں بتایا گیا کہ اسی طرح ایف بی آر کے پی او ایس سسٹم کے ساتھ مربوط ٹائر-1 ریٹیلرز کی جانب سے جاری کردہ رسیدوں کی تعداد جنوری میں 12 فیصد بڑھ کر تقریباً 3 کروڑ 70 لاکھ انوائسز تک پہنچ گئی جو دسمبر میں 3 کروڑ 30 لاکھ تھی۔تاہم ان ریٹیلرز کی جانب سے جاری کردہ 29 ہزار رسیدوں کی تصدیق نہیں ہوسکی اور یہ ممکنہ طور پر جعلی تھیں۔رسیدوں کی تصدیق کرنے والے صارفین کی تعداد ایک ماہ کے اندر 10 ہزار سے بڑھ کر 27 ہزار تک پہنچ چکی ہے۔ایف بی آر کی جانب سے کاروباری لین دین کو ڈیجیٹل خطوط پر استوار، آپریشنز کو خودکار بنانے اور ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے ذریعے ٹیکس کی تعمیل کو زیادہ سے زیادہ یقینی بنانے کے لیے اٹھائے گئے مختلف اقدامات میں پی او ایس سسٹم ایک اہم قدم ہے جس کا مقصد ملک بھر میں ٹائر-1 ریٹیلرز کی سیلز کی نگرانی کرنا ہے۔اس اہم شعبے کی قدر میں اضافے اور ریونیو کے بہاؤ کو روکنے کے لیے ایف بی آر نے مین اسٹریم میڈیا پر ایک جارحانہ آگاہی مہم چلائی تاکہ صارفین کو آگاہ کیا جا سکے اور اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ خرید و فروخت کے وقت ان سے وصول کیا جانے والا ٹیکس ریٹیلرز کی جیبوں کے بجائے سرکاری خزانے میں ہی جمع ہو۔مزید برآں مہم میں 5 کروڑ 30 لاکھ روپے کی انعامی اسکیمیں بھی شامل ہے جو کہ کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کے ذریعے منتخب ایک ہزار 7 فاتحین میں تقسیم کی جائے گی جو ہر ماہ کی 15 تاریخ کو اسلام آباد میں ایف بی آر کے صدر دفتر میں منعقد ہو گی۔پہلی قرعہ اندازی ٹی وی چینلز پر دکھائی جا چکی ہے اور تقریب کے دوران جیتنے والوں سے براہ راست رابطہ کیا گیا، مطلوبہ تصدیق کے بعد تقریباً 800 فاتحین کے اکاؤنٹس میں انعامی رقم بھی منتقل کر دی گئی ہے۔ایف بی آر نے کہا یہ واقعی ٹیکس کی عملداری میں شہریوں کو شامل اور ان کی قومی ذمے داری سے متعلق شعور بیدار کرنے کی ایک منفرد مثال ہے کہ وہ نا صرف اپنا واجب الادا ٹیکس ادا کریں بلکہ اسے چوری ہونے سے بھی بچائیں۔ایف بی آر چیئرمین اشفاق احمد نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ٹیکس جمع کرانے کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے ایک قومی تحریک شروع کریں۔خرید و فروخت کے وقت صارفین سے وصول کیا جانے والا سیلز ٹیکس سرکاری خزانے میں جمع کرانے کا عمل یقینی بنانے کے لیے تین جہتی حکمت عملی تجویز کی ہے۔انہوں نے تجویز پیش کی کہ لوگ صرف اُن ٹائر-1 ریٹیل آؤٹ لیٹس سے خریداری کریں جو ایف بی آر پی او ایس سسٹم کے ساتھ مربوط ہیں، ان سے کمپیوٹرائزڈ انوائس کا مطالبہ کریں اور ایف بی آر ٹیکس ایپ کے ذریعے اس کی تصدیق کریں۔پریس ریلیز میں کہا گیا کہ یہ دیکھنا مزید حوصلہ افزا ہے کہ صارفین کی ایک بڑی تعداد ایف بی آر کی ٹیکس آسان موبائل ایپ اور ایس ایم ایس کے ذریعے اپنی خریداری کی رسیدوں کی تصدیق کر رہی ہے۔پریس ریلیز میں بتایا گیا کہ لوگ اس منفرد انعامی اسکیم کے بارے میں ضروری رہنمائی حاصل کرنے کے لیے فیلڈ فارمیشنز اور ایف بی آر ہیڈکوارٹرز تک بھی آ رہے ہیں۔پریس ریلیز کے مطابق کسٹمرز کی شمولیت کا یہ اقدام تیز تر ہوتا جا رہا ہے اور اس طرح ٹیکس کی ادائیگی کو فروغ دینے اور ٹیکس محصولات میں خاطر خواہ اضافہ کرنے کے لیے مطلوبہ قومی مہم کو تیز کرنے میں مدد ملے گا۔پریس ریلیز میں کہا گیا کہ اس کا مقصد لوگوں کو ذمہ دار شہری بننے اور ٹیکس دہندگان کے طور پر اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دینا بھی ہے۔

## ٹیکس کلچر کو فروغ دینے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، قومی خزانہ میں پیسے لائیں گے، وزیرخزانہ

اسلام آباد(بزنس ڈیسک)وفاقی وزیرخزانہ ومحصولات شوکت ترین نے کہا ہے کہ حکومت ٹیکس کے نظام میں بہتری لا رہی ہے، آمدنی اور کھپت کے علاوہ دیگر تمام ٹیکس ختم کئے جانے چاہئیں، حکومت ملک میں ٹیکس کلچر کو فروغ دینے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، ملک میں معاشی ترقی اور غربت کا خاتمہ تب ممکن ہوگا جب قومی خزانہ میں پیسے آئیں گے۔منگل 15 فروری 2022 کو یہاں ایف بی آر ہیڈکوارٹرز میں پوائنٹ آف سیل نظام کے تحت رجسٹرڈ ری ٹیلرز سے خریداری کرنے والے صارفین کیلئے انعامی سکیم کی دوسری قرعہ اندازی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیرخزانہ نے کہا کہ ملک میں ٹیکس کے کلچر کے فروغ کیلئے ہم سب کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا ہوگی، ملک کی 22 کروڑ آبادی میں صرف 20 لاکھ لوگ ٹیکس ادا کر رہے ہیں جس میں اضافہ ناگزیر ہے۔وزیرخزانہ نے کہا کہ ملک میں سالانہ 20 ٹریلین روپے کی سیل ہوتی ہے جبکہ صرف ساڑھے تین ٹریلین کی سیل کی مانیٹرنگ ہوتی ہے۔یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ کئی ری ٹیلرز عوام سے سیلز ٹیکس تو لیتے ہیں لیکن انہیں ایف بی آر میں جمع نہیں کیا جاتا، اس صورتحال کے تناظر میں شہریوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان ری ٹیلرز کے پاس جائیں جو پکی رسید دے۔وزیرخزانہ نے کہا کہ ٹیئر ون میں شامل ری ٹیلرز کو پی او ایس نظام سے منسلک کرنے کیلئے ایف بی آر کی جانب سے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، دکانداروں کو ہراساں ہرگز نہیں کریں گے تاہم ٹیکس چوری پر کارروائی ہوگی، آمدنی اور کھپت کے علاوہ دیگر تمام ٹیکس ختم کئے جانے چاہئیں۔

## اسٹیٹ بینک: ہاؤسنگ فنانس کیلئے شرح سود میں کمی

کراچی(نیوز ڈیسک) سٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کیلئے شرح سود میں کمی کر دی، ایک سے 5 سال کی مدت پر شرح سود 2 فیصد ہوگی۔بتایا گیا ہے کہ اس سے قبل 5 سال کیلئے گھر خریدنے پر قرض کی شرح سود 3 فیصد تھی، سٹیٹ بینک کے مطابق اب 6 سے 10 سال کی مدت پر شرح سود 4 فیصد ہوگی جبکہ اس سے قبل 6 سے 10 سال کی مدت پر پہلے شرح سود 5 فیصد تھی۔مزید برآں 11 سے 15 سال کی مدت کے قرض پر شرح سود 5 فیصد مقرر کی گئی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

حصہ اول (دوسری قسط)

# پیپر و پیپر بورڈ کی جماعت بندی۔ بین الاقوامی معاہدوں کی روشنی میں

ترجمہ: علیم احمد

## پیپر و پیپر بورڈ کی مختلف اقسام، اس کے تجارتی قوانین اور عمومی تجارتی شرائط پر مبنی تکنیکی معلومات کا سلسلہ

یہ ادارہ یورپین ٹمبر کمیٹی کے سیکریٹریٹ کے طور پر بھی کام کرتا ہے، جس میں سابقہ سوویت یونین سمیت مشرقی یورپی ممالک کے نمائندگان بھی شامل ہیں۔ ماہانہ ٹ ''ممبر بلیٹن'' اور سالانہ ''ٹمبر ایئر بک'' اسی اعتبار سے لکڑی اور لکڑی کی مصنوعات کے بارے میں معلومات کا سب سے قابل اعتماد ذریعہ ہیں۔ ای سی ای نے جنگلاتی مصنوعات کی جماعت بندی اور وضاحت کی تیاری کے لئے بھی ایف اے او کے ساتھ شمولیت اختیار کی ہے۔

## جماعت بندیوں کی ہم آہنگی:

برسلز میں قائم ایک اور انجمن ''کسٹمز کوآپریشن کونسل'' (CCC) نے ۱۹۸۷ء میں ہارمونا ئزڈ کموڈٹی ڈسکرپشن اینڈ کوڈنگ سسٹم (HS) کی تکمیل کی۔ ۶ ہندسوں پر مشتمل یہ نظام جو ۵۰۰۰ اجناس (Commodities) کا احاطہ کرتا ہے اور محصولات (ٹیرف) استعمال کرنے والی تمام ریاستوں کے لئے قابل عمل ہے، طویل مدت تک ہونے والی گفت وشنید کا نتیجہ ہے۔ اسے ۱۰۰ ممالک میں قبول کیا جا چکا تھا۔ جبکہ توقع ہے کہ یہ تعداد بتدریج ۱۶۰ تک پہنچ جائے گی۔ جس کی تین وجوہات ہیں: ایچ ایس (HS) دوملکی اور کثیر ملکی معاہدوں میں کسٹمز ڈیوٹیز پر ہونے والے مذاکرات کو تقویت پہنچائے گا۔ اس میں نئی مصنوعات اور کسی ملک کے مطابق مخصوص ذیلی عنوانات شامل ہونے کی وسیع تر گنجائش اور لچک موجود ہے اور تیسرے یہ کہ سی سی سی (CCC) کی ایک خصوصی کمیٹی کو بااختیار بنایا گیا ہے کہ وہ وضاحتوں کے تنازعات طے کر سکے۔ یورپی برادری کے رکن ممالک میں ہارمونا ئزڈ سسٹم (HS) کو یکم جنوری ۱۹۸۸ء سے نافذ کیا جا چکا ہے جس میں تین نئی دستاویزات بھی شامل ہیں، جن کا تعلق غیر ملکی تجارت سے ہے۔ ''دی کامن کسٹمز ٹیرف (CCT) کو ''انٹگریٹڈ کسٹمز ٹیرف ای سی (TARIC) سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔ ابتدائی ''نومن کلیچر آف امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ" NIMEXE کے بجائے کمبائنڈ نومن کلیچر (CN) متعارف کروایا گیا ہے جو اب تعریفیں اور وضاحتی نوٹ فراہم کرتا ہے اور سب سے آخر میں کسٹمز کے کام کو سادہ اور آسان بنانے کے لئے آٹھ حصوں پر مشتمل ''سنگل ایڈمنسٹریٹو ڈاکومنٹ'' (SAD) جاری کی گئی۔ یہ دستاویز ''الیکٹرونک ڈاکومنٹ انٹر چینج'' (EDI) کو بھی سہولت مہیا کرتی ہے۔ جہاں تک کاغذ بورڈ اور تبدیل شدہ مصنوعات (Productions Converted) کا تعلق ہے، انہیں ایچ ایس اور سی این کے 48 ویں باب میں یکساں ۲۳ عنوانات کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ البتہ اول الذکر میں ۶ اعداد والے کوڈ اور آخر الذکر میں ۸ اعداد والے کوڈ استعمال ہوئے

### نوٹ

یہ آرٹیکل 1996 میں قسط وار شائع کیا گیا تھا جس کا حصہ اول قارئین کے لئے پیش خدمت ہے، تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

پہلی قسط: مورخہ 28 فروری تا 5 مارچ 1996، شمارہ نمبر 9/10
دوسری قسط: مورخہ 6 تا 12 مارچ، شمارہ نمبر 11
تیسری قسط: مورخہ 13 تا 19 مارچ، شمارہ نمبر 12
چوتھی قسط: مورخہ 20 تا 26 مارچ، شمارہ نمبر 13

ہیں۔ ای سی ریگولیشنز کے حوالے سے ایچ ایس کے عمومی قوانین اور وضاحتی نوٹس کو آسانی سے سمجھانے کے لئے سی پیک (CEPAC) نے پیپر اینڈ بورڈ کلاسیفکیشن گائیڈ جاری کی۔ پیچیدہ امور کی وضاحت کرنے کے ساتھ ساتھ اس گائیڈ میں ۱۹۸۸ء میں پیش کردہ سی این کوڈ نمبرز کی فہرست ردیف وار اشاریئے (Alphabetical Index) کی صورت میں موجود ہے۔ اس فہرست میں کاغذ بورڈ اور تبدیل شدہ مصنوعات کی کل ۱۸۰۰ اقسام کے کوڈز درج ہیں۔ برطانیہ میں تمام برآمد کنندگان کی یہ قانونی ذمہ داری ہے کہ اپنی مصنوعات کے لئے درست ٹیرف کوڈ استعمال کریں۔ سی اے ڈی (CAD) کے باکس نمبر ۳۳ کو بھرنے میں ان کی راہنمائی کرنے کے لئے ۱۹ اعداد والے طے شدہ یو کے ۱۹۸۸ء ٹیرف کوڈ نمبرز بھی گائیڈ میں دیئے گئے ہیں جو برٹش پیپر اینڈ بورڈ انڈسٹری فیڈریشن نے جاری کی تھی۔ یہ کتاب ''سی پیک بی پی بی آئی ایف (BPBIF,Cepac) کے مشترکہ منصوبے کی وسیع تر شکل ہے۔ کاغذ پلپ اور بورڈ کے بارے میں تمام موجودہ یورپی شماریاتی جماعت بندیوں (European-Statistical Classification) کی ہم آہنگی یعنی پیداوار کا طریقہ، تمام یورپ اور علاقائی ممالک کے گروپوں میں تجارت اور کھپت کے مجموعے (ٹوٹل) کی تیاری ای ڈی پی کے لئے ابھی تک ایک مشکل اور دشوار کام ہے۔ فی الحال یہ ریفرنس مینول ہی تمام یورپی ممالک میں قابل موازنہ مصنوعات تجارت اور کھپت کے اعداد وشمار کے حصول میں اولین اور بنیادی ذریعہ ہے۔

ہمیں یقین ہے کہ یورپین پیپر انسٹی ٹیوٹ (EPI) کی تیار کردہ ''کامن یورپین پروڈکٹ ڈسکرپشنز'' (جن کا ذیل میں تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے) طویل مدت میں کاغذ، پلپ اور بورڈ کی متعدد اقسام کی پیداوار، کھپت اور تجارت کے اعداد وشمار کے لئے درکار شماریات (Statistics) کو ٹھوس بنیاد فراہم کریں گی۔ ان کی ضرورت فراہم کنندگان (سپلائرز) کو ان کے گاہکوں اور سرمایہ کاری کرنے والوں کو پڑتی رہتی ہے۔ ای پی آئی یہ تعریفیں اور وضاحتیں، جو ای ڈی پی کی تیاری میں بھی استعمال ہوئیں، ۱۹۸۲ء میں ''ایف اے او'' ''اے سی ای کلاسیفکیشن اینڈ ڈیفی نیشن فار فاریسٹ پروڈکٹس'' کے ساتھ مربوط کی گئیں اور انہیں ''نئے شماریاتی نظام کی تیاری کے حوالے'' (Reference for the development of mewstatisticalsystems) کے طور پر شائع بھی کیا گیا۔

## پیپر اور پیپر بورڈ کی مختلف اقسام کی بین الاقوامی تعریفیں مشترکہ مغربی یورپی مصنوعات کی وضاحت:

### ا۔ نیوز پرنٹ

ان کوٹڈ (Uncoated) کاغذ کی یہ قسم بنیادی طور پر اخبارات کی طباعت میں استعمال ہوتی ہے۔ یہ غیر پیائش شدہ (یا ذرا سی پیائش شدہ) ہوتی ہے۔ اس کاغذ میں عام طور پر تھرمومکینیکل ووڈ پلپ (Wood Pulp) یا دوسرے لگنوسیلولورک ریشے (Ligno-Celluloric Fibres) کم از کم ۶۵ فیصد ریشوں کی مقدار کا احاطہ کرتے ہیں۔ اس کا عام وزن کم سے کم ۴۰ گرام فی مربع میٹر اور زیادہ سے زیادہ ۵۷ گرام فی مربع میٹر ہوتا ہے۔ (نوٹ: اب پاکستان میں ۳۶ گرام کے نیوز پرنٹ کی درآمد کی بھی اجازت ہے) یہ سادہ یا رنگین ہو سکتا ہے اور سپر کیلنڈرڈ فنش (SuperCalenderedFinish) کے ساتھ فراہم کیا جاتا ہے۔

تبصرہ: مغربی یورپ بھی متعدد تجارتی اسم بندیوں (Nomanclatures) کے ساتھ ملک وضاحتی نوٹس میں، جنہیں پیداواری اعداد وشمار کے لئے جداگانہ طور پر جاری کیا گیا ہے، اس قسم کی خصوصیات میں اختلاف بھی مل سکتا ہے۔

### ۲۔ ووڈ فری پرنٹنگ اور رائٹنگ پیپرز

حوالہ نمبر 1 بھی دیکھئے

وضاحت: طباعت اور دوسرے گرافی (Graphic) کاموں کے لئے موزوں کاغذ جس میں زیادہ سے زیادہ 10 فیصد تک مکینیکل ٹی ایم (TM) یا سی ٹی ایم (CTM) پلپ ہوتا ہے۔ انہیں متعدد اقسام کے سامان (Furnishes) سے تیار کیا جاتا ہے اور ان کا ممکنہ استعمال بھی کئی طرح کے فنشنگ یا مارکنگ کاموں میں ہو سکتا ہے۔ (مثلاً سائزنگ، کیلنڈرنگ، سپر کیلنڈرنگ، گلوسنگ وائر مارکنگ وغیرہ)۔

(جاری ہے)



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING**
**PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM

# AQNA

Brands

## Products of PINDO DELI





## ہم ساہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management

ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK

Tel : +92-2132627061-63

Fax : +92-2132629786

Email : saleem.bikiya@ibmpak.com

Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ 2010 — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ 2011-2012 — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پنڈو کارڈ، درآمدی و مقامی آفسیٹ پیپر اور ڈپلیکس بورڈ، بلیچ بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

## آرٹ پیپر میں کمی، ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مزید تیزی دیکھنے میں آئی اور 16 فروری 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا، بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی، فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز، مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ نیچرل بیک، وائٹ براؤن بیک، ٹاپ رائیڈر، میگا ٹاپ، انرجی، شاہین، مقامی آفسیٹ پیپر، فائیو اسٹار، ڈبل اے برانڈ، چناب، سپریم مل، ٹاپ رائیڈر، پریمیر پی کیو بی، ہاک وائٹ، ارسم پیپر ملز، درآمی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا اور آئی کے مشین ریل کٹ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ نیویا آرٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 295 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80 گرام 295 روپے سے کم ہوکر، تمام سائز 90۔100۔105۔113۔128 گرام، 290 روپے سے کم ہوکر اور تمام سائز 150 گرام، 293 روپے سے کم ہوکر 286 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 293 روپے سے کم ہوکر 286 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ تمام سائز 230۔300 گرام، 130 روپے سے کم ہوکر 125 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر نیچرل بیک تمام سائز 250، 300 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 128 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر براؤن بیک تمام سائز تمام گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 123 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 250 اور 300 گرام، 121 روپے سے بڑھ کر اور تمام سائز 350 گرام، 121 روپے سے بڑھ کر 132 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 108 روپے سے بڑھ کر 110 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنرجی مل تمام سائز 250 گرام، 170 روپے سے بڑھ کر 174 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 250 اور 300 گرام، 108 روپے سے بڑھ کر اور تمام سائز 350 گرام، 103 روپے سے بڑھ کر 112 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 300 روپے سے بڑھ کر 302 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 292 روپے سے بڑھ کر 294 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 265 روپے سے بڑھ کر 278 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 260 روپے سے بڑھ کر 275 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 134 روپے سے بڑھ کر 136 روپے، تمام سائز 53 گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 142 روپے، تمام سائز 60 گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 142 روپے، تمام سائز 68 گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 142 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 گرام، 157 روپے سے بڑھ کر 165 روپے، تمام سائز 68 گرام، 157 روپے سے بڑھ کر 165 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام، 140 روپے سے بڑھ کر 143 روپے، تمام سائز 60 گرام، 145 روپے سے بڑھ کر 147 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر سپریم مل تمام سائز 52 گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 136 روپے، تمام سائز 60 اور 68 گرام، 120 روپے سے بڑھ کر 142 روپے فی کلو ہوگیا ہے ۔مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائٹر تمام سائز 60 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 150 روپے، تمام سائز 68 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 150 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر پریمیئر پی کیو بی تمام سائز 68 گرام، 132 روپے سے بڑھ کر 170 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ہاک وائٹ تمام سائز 52 گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 130 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ارسم پیپر ملز تمام سائز 63 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 150 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 660 روپے سے بڑھ کر 680 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سیبر اؤن۔80 گرام، 670 روپے سے بڑھ کر 750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 665 روپے سے بڑھ کر 690 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 760 روپے سے بڑھ کر 850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 670 روپے سے بڑھ کر 695 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔70 گرام، 780 روپے سے بڑھ کر 800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔70 گرام، 800 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 640 روپے سے بڑھ کر 680 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن 70 گرام، 615 روپے سے بڑھ کر 625 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 720 روپے سے بڑھ کر 750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 820 روپے سے بڑھ کر 840 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ رپورٹ برازیل 80 گرام، 725 روپے سے بڑھ کر 780 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئ 70 گرام، A4 سائز 640 روپے سے بڑھ کر 680 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 70 گرام، A4 سائز 645 روپے سے بڑھ کر 670 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ سیلیکٹ ون آسٹریلیا 80 گرام، 730 روپے سے بڑھ کر 50 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیپلز آسٹریلیا 75 گرام، A4 سائز 620 روپے سے بڑھ کر 650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملکی درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں گزشتہ مالی سال کے مقابلہ میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق جولائی سے دسمبر 2021 تک کی مدت میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کی مد میں 1.092 ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 77.97 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کا حجم 613.78 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ دسمبر 2021 میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کی مد میں 194.78 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا تھا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 131.14 ملین ڈالر تھا۔ مالی سال 2021 میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس اخراجات کا کل حجم 1.408 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں ملکی درآمدات کا کل حجم 36.41 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا ہے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 23.20 ارب ڈالر تھا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# تھرڈ پارٹی کے ذریعے آنے والی کنسائنمنٹس پر سخت نظر رکھنے کا حکم

کراچی (بزنس ڈیسک) چیف کلکٹر اپریزمنٹ ساؤتھ واجد علی نے فارمیشنوں کو مشورہ دیا ہے کہ گڈز ڈیکلریشنز (GDs) جس میں متحدہ عرب امارات، ہانگ کانگ اور سنگاپور میں مقیم تھرڈ پارٹی ٹریڈرز/ بروکرز کے ذریعے درآمدات کی جاتی ہیں، کو تشخیص اور امتحان کے دوران سخت نگرانی میں رکھا جائے۔ ایسے معاملات میں، سامان عام طور پر تیسرے ملک (زیادہ تر چین) سے آتا ہے جبکہ انوائس مذکورہ ممالک میں مقیم تاجروں کے ذریعہ جاری کی جاتی ہے۔ یہ طریقہ کار انڈر انوائسنگ اور IPO پابندیوں سے بچنے کے لیے غلط استعمال کے لیے حساس ہے۔ جانچ کرنے والے افسروں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ موضوع کے سامان کے اعلانات کی تشخیص میں چوکس رہیں اور ایسے معاملات کی تشخیص کو متعلقہ تشخیصی گروپ کے ڈپٹی کلکٹر/ اسسٹنٹ کلکٹر کے ذریعے حتمی شکل دی جائے۔ مشتبہ صورتوں میں، ڈپٹی کلکٹر/ اسسٹنٹ کلکٹرز گروپ کو شپنگ کمپنیوں سے برآمدی دستاویزات/ رسیدوں کی تصدیق کرنی چاہیے اور درآمد کنندگان سے سرٹیفکیٹ آف اوریجن حاصل کرنا چاہیے۔ مزید یہ کہ کسٹم ایکٹ کے سیکشن 25 اور 25اے کی دفعات پر سختی سے عمل کیا جانا چاہیے۔ اصل انوائس اور سامان کی اصلیت سمیت تمام پہلوؤں کی تصدیق کے لیے سامان کی کھیپ کی جانچ ڈپٹی/ اسسٹنٹ کلکٹر (ایگزامینیشن) کی نگرانی میں کی جانی چاہیے۔

# کروڑوں روپے کے ٹیکس کے نوٹسز عدالتوں میں جا کر صفر ہو جاتے ہیں' لاہور ٹیکس بار

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر جمیل اختر بیگ نے کہا ہے کہ ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس دہندگان کو جاری کئے گئے کروڑوں روپے کے ٹیکس کے نوٹسز عدالتوں اور اپیلوں میں جا کر صفر ہو جاتے ہیں جس سے ادارے کی ساکھ پر سوالیہ نشان لگ جاتا ہے، ایف بی آر کے افسران اور عملے کو ٹیکس دہندگان سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کا پابند کیا جائے، غلط اسیسمنٹ کر کے نوٹسز کے اجراء سے ٹیکس دہندگان میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفد کے ہمراہ چیف کمشنرز ایف بی آر لاہور احمد شجاع خان، طارق چودھری اور نصیر احمد سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں نائب صدر لاہور ٹیکس بار حسیب اللہ خان، جنرل سیکرٹری سید عرفان حیدر اور دیگر بھی موجود تھے۔ ایف بی آر کے افسران نے وفد کو مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بہتر تجاویز سے استفادہ کیا جائے گا۔ جمیل اختر بیگ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ٹیکس آمدن میں کئی گنا زیادہ اضافہ کر سکتی ہے مگر اس کے لیے ٹیکس دہندگان کو عزت دینے کی ضرورت ہے، ایف بی آر میں پروفیشنل اور ٹیکس کی سمجھ بوجھ رکھنے والے افسران کو لانے کی ضرورت ہے، اسیسمنٹ کے آرڈرز پر آڈٹ کرانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتنے سخت قوانین کے ہوتے ہوئے بھی ٹیکس نیٹ اور ٹیکس آمدن ایک حد تک محدود ہے جس پر سوچ بچار کرنے کی ضرورت ہے۔

## ایف بی آر میں تقرر و تبادلے

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے کارپوریٹ ٹیکس آفس کے 6 افسروں کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے گئے، نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی کمشنر نورین اشرف کا سی ٹی او کے لیگل زون سے چیف کمشنر آفس، نائمہ شمائل کا انفورسمنٹ ٹو اور احمد مجتبیٰ کا انفورسمنٹ ون، اسسٹنٹ کمشنر احمد اکمل کا آڈٹ ون سے انفورسمنٹ ٹو، اسسٹنٹ کمشنر جہانزیب خان کا آڈٹ تھری سے آڈٹ ٹو اور ان لینڈ ریونیو افسر وسیم احد ملک کا لیگل زون سے انفورسمنٹ ون تبادلہ کر دیا گیا۔

# عمرہ اجازت نامے رمضان سے پہلے 31 مارچ تک جاری کرائے جاسکتے ہیں، سعودی وزارت

سعودی وزارت حج و عمرہ نے کہا ہے کہ 28 شعبان 31 مارچ 2022 تک اعتمرنا اور توکلنا ایپ کے ذریعے عمرہ اجازت نامے جاری کرائے جاسکتے ہیں۔ سعودی وزارت حج و عمرہ کا کہنا ہے کہ عمرہ اجازت نامے ایپ ہولڈرز اور ان کے مرافقین کے لیے جاری ہوں گے، عمرہ اجازت نامے کے اجرا کا آخری دن 31 مارچ 2022 ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مناسب تاریخ اور وقت کے انتخاب کا فیصلہ آرام دہ ثابت ہوگا، رمضان سے دو دن قبل تک اجازت نامے جاری ہوں گے۔ سعودی وزارت حج و عمرہ نے کہا کہ بیرون مملکت سے آنے والے عمرہ زائرین کو اجازت نامے کے اجرا کے لیے کورونا ویکسین کی تمام خوراکیں لینا ضروری ہیں، ازیں مقیم پلیٹ فارم پر ویکسین کا اندراج اور سعودی عرب آتے وقت پی سی آر ٹی سرٹیفکیٹ پیش کرنا بھی ضروری ہے۔ سعودی وزارت حج و عمرہ نے پھر ہدایت کی ہے کہ نیا عمرہ اجازت نامہ دس روز بعد ہی جاری کرایا جاسکے گا، یہ پابندی مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں کورونا ایس او پیز کی احتیاطی تدابیر کے حوالے سے لگائی گئی ہے۔ متعلقہ فضائی کمپنی یا سعودی محکمہ پاسپورٹ سے رابطہ کر کے مزید تفصیلات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ یاد رہے کہ عمرہ اجازت نامہ مقررہ وقت سے چار گھنٹے قبل تک منسوخ کیا جاسکتا ہے اور اسی وقت دوسرا اجازت نامہ جاری کرایا جاسکتا ہے۔

**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# قصور، بلھے شاہ پیپر مل میں خوفناک آتشزدگی کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق

## آگ کے شعلے آسمان کو چھوتے رہے، آگ پر قابو پانے کے لئے لاہور سے بھی فائر بریگیڈ اور ریسکیو کی گاڑیوں کو طلب کیا تھا

قصور/لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) قصور کے علاقہ بابا بلھے شاہ روڈ پر واقع بلھے شاہ پیپر مل میں 9 اور 10 فروری 2022 کی رات کو خوفناک آتشزدگی کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا، ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے، آگ اتنی شدید تھی کہ اس کے شعلے آسمان کو چھوتے رہے، آگ پر قابو پانے کے لئے لاہور سے بھی فائر بریگیڈ اور ریسکیو کی گاڑیوں کو طلب کرلیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ قصور کے علاقہ بابا بھلے شاہ روڈ پر واقع پیپر مل میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پوری فیکٹری کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ آگ کی شدت اتنی زیادہ تھی کی اس کے شعلے آسمان کو چھوتے رہے۔ اطلاع ملتے ریسکیو اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور آگ پر قابو پانے کیلئے کاوشیں شروع کر دی گئیں۔ آگ کی شدت کی وجہ سے لاہور سے بھی فائر بریگیڈ اور ریسکیو کی گاڑیاں طلب کر لی گئیں۔ ایدھی ترجمان کے مطابق آگ لگنے کے باعث دو افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق آگ کی شدت کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ جاں بحق ہونے والے ایک شخص کی شناخت مقصود کے نام سے ہوئی جو الیکٹریشن کا کام کرتا تھا۔

# ایف پی سی سی آئی کی عبوری انتظامیہ کا اعلان

## عرفان اقبال شیخ سربراہ اور سلیمان چاؤلہ وائس چیئرمین ہو گئے

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف پی سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی نے ہنگامی طور پر پاکستان کی بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کیلئے عرفان اقبال شیخ کی سربراہی میں 5 رکنی عبوری انتظامیہ کے قیام کی منظوری دیدی۔ ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس جمعہ 11 فروری 2022 کو ایف پی سی سی آئی ہیڈ آفس میں منعقد ہوا جس میں کیپٹل آفس اسلام آباد، لاہور، پشاور اور کوئٹہ کے ریجنل آفس میں اراکین نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ ایف پی سی سی آئی کے مرکزی آفس میں جمعہ 11 فروری کو ہونے والے ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں سبکدوش صدر میاں ناصر حیات مگوں، سابق صدر انجم نثار، سلطان چاؤلہ، امجد رفیع، رفیق گوڈیل، حاجی جمال الدین اچکزئی، حاجی یعقوب، شوکت سلیمان، خرم سعید، اطہر سلطان چاؤلہ، اختر خان ٹیسوری، اکبر عبداللہ، حاجی غنی عثمان، ثاقب فیاض مگوں سمیت یونائیٹڈ بزنس گروپ کے چند اراکین شریک ہوئے۔ اجلاس میں ایف پی سی سی آئی کے روزمرہ معاملات کو چلانے کیلئے عبوری انتظامیہ قائم کی گئی جس کا چیئرمین عرفان اقبال شیخ اور وائس چیئرمین محمد سلیمان چاؤلہ کو مقرر کیا گیا جبکہ عبوری انتظامیہ میں شامل 3 اراکین میں شبیر حسین منشا چھرا، محمد ندیم قریشی اور قاضی محمد اکبر شامل ہیں۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر میاں ناصر حیات مگوں اپنے عہدے کی کامیاب مدت گزار کر سبکدوش ہو گئے۔

# نادرا نے مزید ایس ایم ایس سروس کا اضافہ کر دیا

کراچی (نیوز ڈیسک) ادارہ برائے قومی شناختی کارڈ نے شہریوں کو مزید سہولیات فراہم کرنے کا سسٹم تیار کرلیا ہے جس سے مجموعی طور پر شہری 6 اہم معلومات ایس ایم ایس کے ذریعے حاصل کرسکتے ہیں۔ شہری 8521 پر اپنی گاڑی کا چیسز نمبر بھیج کر یہ معلوم کرسکتے ہیں کہ گاڑی چوری کی تو نہیں۔ 7000 پر ایس ایم ایس کر کے یہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ ان کے نام پر کوئی جعلی شناختی کارڈ تو نہیں بنا ہوا۔ 8300 پر یہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ شہری کا نام ووٹر لسٹ میں ہے کہ نہیں۔ اپنا شناختی کارڈ نمبر 668 پر ایس ایم ایس کر کے یہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ اس نمبر پر کتنی موبائل سمیں جاری کی گئی ہیں۔ اپنا شناختی کارڈ کے نمبر سے پہلے ATL لکھیں، اس کے بعد اسپیس دے کر 9966 پر ایس ایم ایس کرنے سے یہ معلوم ہوجائے گا کہ آپ ٹیکس فائل ہیں کہ نہیں اور شناختی کارڈ نمبر 8009 پر ایس ایم ایس کر کے شجرہ (فیملی ہسٹری) کی معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

# گاڑیوں کی درآمدات میں 114.7 فیصد اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مالی سال کی پہلی ششماہی جولائی۔ دسمبر 2021 کے دوران سالانہ بنیاد پر گاڑیوں کی درآمد پر 1.520 ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے 114.71 فیصد زیادہ ہے۔ اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں گاڑیوں کی درآمدات کا حجم 708.34 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ دسمبر 2021 میں گاڑیوں کی درآمد کا مالیاتی حجم 277.65 ملین ڈالر رہا جو دسمبر 2020 کے مقابلے 48 فیصد زیادہ ہے۔ دسمبر 2020 میں گاڑیوں کا درآمدی حجم 187.55 ملین ڈالر تھا۔ دوسری جانب آل پاکستان آٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں زرعی ٹریکٹروں کی پیداوار اور فروخت میں رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

## انٹرنیشنل پراپرٹی ایگزیبیشن اینڈ کنونشن 25 سے 27 مارچ کو پشاور میں ہوگا

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان ایسوسی آف ایگزیبیشن انڈسٹری کے چیئرمین خورشید برلاس کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پشاور انٹرنیشنل پراپرٹی ایگزی بیشن اینڈ کنونشن جو اس سے قبل اعلان کردہ پروگرام کے مطابق 11-12-13 فروری کو منعقد ہونا تھی کورونا کی نئی لہر اومی کرون ویرینٹ کی وباء سے بچنے کے لیے حفاظتی انتظامات کو مدنظر رکھتے ہوئے اب 25-26-27 مارچ کو ماربیلا کیو مارکی منعقد کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس تین روزہ انٹرنیشنل پراپرٹی ایگزی بیشن میں ملک بھر سے نامور بلڈرز، ڈویلپیئر، الائیڈ کنسٹرکشن بینک کے پراجیکٹ سے وابستہ مختلف بزنس کمیونٹی سے متعلق کثیر تعداد میں افراد شرکت کریں گے۔ نمائش میں خصوصی طور پر پراپرٹی، کنسٹرکشن کے حوالے سے بلڈرز، ڈویلپرز، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے وابستہ کمپنیاں اپنی مصنوعات کا ڈسپلے کرسکیں گی چیئرمین پاکستان ایسوسی ایشن آف ایگزیبیشن انڈسٹری محمد خورشید برلاس نے بتایا کہ پشاور انٹرنیشنل پراپرٹی ایگزیبیشن اینڈ کنونشن سرمایہ کاری کے لیے ایک بہترین موقع ہے، تین روزہ انٹرنیشنل پراپرٹی ایگزی بیشن پاکستان میں انویسٹمنٹ کے حوالے سے ایک اہم کردار ادا کرے گی جس سے پاکستان کی معیشت کو فروغ حاصل ہوگا۔ ملک بھر کے بڑے تعمیراتی ادارے اپنے کاروباری، رہائشی منصوبہ جات نمائش کے لیے پیش کریں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## درآمدات کے طریقہ کار کو مزید سہل بنانے کے لئے سی بی آر کی مزید ہدایات

**صرف سیل ٹوٹے ہوئے کنٹینرز کو کسٹم حکام ایگزامن کرسکیں گے' ایک درآمد کنندہ ۳ ہزار ڈالر سے کم مالیت کی ایک کنسائنمنٹ درآمد کرسکے گا**

## بندرگاہ پر گرین چینل قائم کرنے کے احکامات' کسٹم افسروں کے اختیارات میں کمی

**سی آر ایف دیکھ کر کسٹم افسران مال کلیر کردیں گے' انسپکشن والے دن کی ویلیو ایشن تسلیم کی جائے گی' ایس آر او کا اجراء**

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سی بی آر نے درآمدات میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے کراچی بندرگاہ پر گرین چینل قائم کرکے کسٹم افسران کے اختیارات محدود کردیئے۔ گرین چینل سے درآمدی مال کلیر کرنے کے اقدامات کے بعد کسٹم افسران میں کھلبلی مچ گئی اور کلکٹریٹ کسٹم اپریزمنٹ کے کئی افسروں نے تبادلے کرانے کی منصوبہ بندی شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق سینٹرل بورڈ آف ریونیو نے پری شپمنٹ انسپکشن نظام کو کامیاب بنانے کے لئے کراچی پورٹ پر گرین چینل قائم کردیا ہے۔ جہاں پی ایس آئی کمپنوں سے سی آر ایف والے مال کو کسٹم افسران تصدیق کے فوراً بعد کلیر کردیں گے۔ اس سلسلے میں جاری کردہ ایس آر او میں کہا گیا ہے کہ کسٹم افسران گرین چینل کے تحت کلیر کئے جانے والے مال کی اچانک چیکنگ کرسکتے ہیں۔ جبکہ کسٹم افسران اس کے علاوہ اس مال کی چیکنگ کے مجاز ہونگے جس کنٹینر کی سیل ٹوٹی ہوئی ہوگی۔ تاہم کسٹم افسر کے پاس اس کنٹینر سے متعلق کوئی اطلاع ہونی چاہئے یا درآمد کنندہ نے پری شپمنٹ انسپکشن کمپنیوں کی ویلیو ایشن سے اختلاف کیا ہو۔ جاری کردہ ایس آر او میں کہا گیا ہے کہ تین ہزار ڈالر سے کم مالیت کے درآمدی مال جن کی پی ایس آئی کمپنیوں نے ویلیو ایشن نہ کی ہو ۵ فیصد جرمانے کے بعد کلیر کردیا جائے گا۔ تاہم کسٹم افسران اس امر کو یقینی بنانے کے پابند ہونگے کہ ایک ہی درآمد کنندہ تین ہزار ڈالر سے کم مالیت کے ایک سے زائد کنسائنمنٹ نہ منگوا سکے۔ ایس آر او میں کہا گیا ہے کہ متنازع کنسائنمنٹ کے حل کے لئے ورکنگ کمیٹی اقدامات کرے گی اور درآمدی مال کی چیکنگ کرے گی تاہم اس موقع پر متعلقہ درآمد کنندہ کا نمائندہ ہونا ضروری ہے۔ ایس آر او نمبر ۹۶/۵ سے اجراء کے بعد کلکٹر کسٹم کراچی کی جانب سے جاری کردہ آرڈر نمبر ۹۶/۹ کی حیثیت ختم ہوگئی ہے۔ سینٹرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے ایک اور جاری کردہ ایس آر او نمبر ۹۶/۴ میں کسٹم افسران سے ویلیو ایشن کے اختیارات واپس لے لئے ہیں اور ہدایت کی گئی ہے کہ کسٹم افسران ثبوت کے بغیر ویلیو ایشن نہیں کرسکتے بلکہ جس دن انسپکشن ہوگی اسی دن کی ویلیو ایشن تسلیم کی جائے گی۔ کسٹم ہاؤس ذرائع کے مطابق سینٹرل بورڈ آف ریونیو نے سی آر ایف کو حتمی طور پر تسلیم کرکے گرین چینل سے مال کلیر کرانے کے احکامات جاری کرکے کسٹم افسران کے اختیارات عملاً ختم کردیئے ہیں جبکہ غیر ملکی پری شپمنٹ کمپنیوں کے اختیارات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ ان ایس آر او کے اجراء کے بعد کسٹم ہاؤس میں منگل کو افسران میں شدید بے چینی پائی گئی اور دفاتر میں سارا دن ان ایس آر او پر بحث ہوتی رہی۔ تاہم درآمد کنندگان نے ان ایس آر او کے اجراء کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ اس اقدام سے کسٹم افسران کی اجارہ داری ختم ہوگئی ہے اور درآمد کنندہ پرسکون ماحول میں کام کرسکیں گے۔

### محمد اشرف انتقال کرگئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) میسرز احسن پیپر مارٹ آبکاری روڈ لاہور کے مالک محمد اشرف گزشتہ دنوں ٹریفک کے حادثہ میں زخمی ہونے کے باعث انتقال کرگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ وہ ۱۰/مارچ کو گھر سے باہر نکلتے ہوئے تانگے کا بانس سینے میں لگنے کے باعث شدید زخمی ہوگئے تھے تاہم وہ جانبر نہ ہوسکے اور ۱۹/مارچ کو یہاں انتقال کرگئے۔ جنرل سیکریٹری اپیما ناردرن سرکل میجر مطاہر نے مرحوم کے انتقال پر گہری تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

## پیپر کنورٹرز ایسوسی ایشن کی ایڈھاک کمیٹیوں کے لئے کنوینرز کا تقرر

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان پیپر کنورٹر ایسوسی ایشن کی ایڈھاک کمیٹی کے چیئرمین محمد جاوید فدا نے ایسوسی ایشن کی چار ایڈھاک کمیٹیوں کے لئے کنوینرز کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محمد رفیق موسیٰ کو ورکنگ کمیٹی' الطاف نورانی کو آڈٹ کمیٹی' بلال عادل کو سیلز ٹیکس کمیٹی اور محمد حبیب کو رجسٹریشن کمیٹی کا کنوینر مقرر کیا ہے۔




بلال عادل



محمد رفیق موسیٰ




محمد حبیب



الطاف نورانی

## محمد جاوید فدا "فاسٹ" کے چیئرمین منتخب ہوگئے



محمد جاوید فدا

